URDU

Fairfax County
PUBLIC SCHOOLS
ENGAGE • INSPIRE • THRIVE

تعلیمی سال 2024-2025 ء

____، اگست ، 2024 ء

عزیز والد یا والدہ/ سرپرست:

آپ کا بچہ ایسے اسکول میں زیرتعلیم ہے جو ایوری اسٹوڈنٹ سکسیڈ ایکٹ (ESSA) مجریہ 2015 ء کے تحت وفاقی ٹائٹل 1 گرانٹ کی امداد حاصل کر رہا ہے ۔ ٹائٹل 1 کے تحت وفاقی رہنما اصولوں کے حصے کے طور پر، آپ کے بچے کے اسکول کی ، طالبعلم کی کارکردگی اور ٹیچر کی قابلیت کے حوالے سے مخصوص توقعات ہیں ۔ آپ کے بچے کا اسکول ان توقعات پر کس انداز میں پورا اتر رہا ہے، اس کے بارے میں معلومات یہاں ملاحظہ کیجیئے http://schoolquality.virginia.gov/ ۔ اپنے اسکول کے پروفائل تک رسائی کے لیے ، search والے خانے میں اسکول کا نام ٹائپ کیجیئے ۔ اگر آپ اس پروفائل کی ایک کاغذی نقل چاہتے ہیں تو براہ مہربانی اپنے بچے کے اسکول فون کیجیئے ۔



ESSA ٹائٹل I گرانٹ فنڈز حاصل کرنے والے اسکولوں کے والدین کو مطلوبہ امتحان میں طالبعلم کی شرکت سے متعلق ریاستی اور مقامی پالیسیوں کے بارے میں معلومات اور اپنے بچوں کی ٹیسٹنگ سے انکار کے سلسلے میں والدین کے حقوق کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کی اجازت دیتا ہے ۔ ہر گریڈ کی سطح پر مطلوبہ ٹیسٹوں کے بارے میں معلومات https://www.fcps.edu/about-fcps/performance-and-accountability/student-assessment/grade-level-tests پر تلاش کی جاسکتی ہیں ۔ ٹیسٹنگ سے متعلق والدین کے حقوق کے بارے میں معلوماتhttps://www.fcps.edu/node/34277 پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں ۔

مزید براں، ESSA کی طرف سے ٹائٹل I گرانٹ فنڈز کے حامل اسکولوں میں زیر تعلیم طلباء کے والدین کو اجازت ہے کہ وہ اپنے بچوں کے اساتذہ سے متعلق مخصوص معلومات حاصل کر سکتے ہیں ۔ والدین اساتذہ کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں:

- کالج اور گریجویٹ اسکول کی تیاری، بشمول ڈگریوں اور ہر ڈگری میں بنیادی مضامین کے شعبے؛
- لائسنس کی حیثیت ، بشمول مضامین اور گریڈ سطح کی تصدیق اور یہ کہ آیا یہ لائسنس آپ کے بچے کے مضمون یا گریڈ لیول کے اساتذہ کی اہلیت کے تقاضے پورے کرتا ہے ۔

والدین کسی بھی ایسے تدریسی معاون کے متعلق بھی معلومات طلب کرسکتے ہیں جو ان کے بچوں کو خدمات فراہم کرتے ہیں ۔

اگر آپ اپنے بچے کے استاد یا تدریسی معاون کے بارے میں اس طرح کی کوئی بھی معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں تو براہِ مہربانی FCPS کے Human Resources Licensure Office کو درج ذیل پتے پر اپنی درخواست ارسال کیجیئے ۔ **آپ کی درخواست کو پورا کرنے کے حوالے سے اس میں درج ذیل معلومات شامل ہونی چاہئیں:** آپ کے بچے کا پورا نام ، آپ کے بچے کے اسکول کا نام اور اس ٹیچر یا تدریسی معاون کا نام جس کے بارے میں آپ معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں ۔

Fairfax County Public Schools
Human Resources Licensure Office
8115 Gatehouse Road
Falls Church, Virginia 22042

FCPS میں ٹائٹل I گرانٹ کے بارے میں مزید معلومات اس ویب سائٹ پر دیکھی جا سکتی ہیں https://www.fcps.edu/about-fcps/performance-and-accountability/title-i، بشمول ٹائٹل I گرانٹ حاصل کرنے والے اسکولوں کے اساتذہ کے معیار کے بارے میں معلومات ("High Quality Staff in Title I Schools" لنک میں دیکھیئے) ۔ اگر آپ جاننا چاہتے ہیں کہ ٹائٹل I گرانٹ آپ کے بچے کے اسکول کو کس طرح مدد فراہم کرتی ہے، تو براہ مہربانی اسکول انتظامیہ سے رابطہ کیجیئے ۔

مخلص ،

پرنسپل